© rasailojaraid.com



سیر حاصل بحث کی گئی ہے اور نہایت قوی دلائل کے ساتھ مستشرقین اور متجددین کے اعتراضات، شکوک اور شبہات کا ازالہ کیا گیا ہے۔ دوسرا حصہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔ اس میں "علم تفسیر اور اس کے معتبر اور ناقابلِ اعتبار مآخذ" "تفسیر کے چند ضروری اصول اور" قرونِ اولیٰ کے بعض مفسرین "کے عنوانات کے تحت گرانقدر علمی مواد پیش کیا گیا ہے۔ یہ کتاب پڑھ کر بلاشبہ معلومات میں گرانقدر اضافہ ہوتا ہے اور ایمان میں تازگی پیدا ہوتی ہے۔ فاضلِ مؤلف کے خلوصِ نیت کے باوجود ان کے بعض خیالات اور نظریات سے اختلاف کی گنجائش ضرور ہے مثلاً صفحہ ۲۲۲ پر انہوں نے لکھا ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے بارے میں یہ روایت یکسر غلط ہے کہ وہ معوذتین (سورۂ فلق اور سورۂ ناس) کو قرآنِ کریم کا جزو نہیں مانتے تھے۔ فاضل مؤلف نے اس روایت کو رد کرنے کیلئے جو دلائل پیش کیے ہیں وہ اتنے قوی نہیں کہ اس ضمن میں ان تمام روایات کو باطل قرار دیا جائے جو نہ صرف امام احمدؒ بلکہ ابویعلیٰ، حمیدی، بزار، ابن حبان، طبرانی، ابونعیم، ابن مردویہ وغیرہ محدثین نے بھی تواتر کے ساتھ نقل کی ہیں۔ فاضل مؤلف کا یہ جذبہ قابلِ تحسین ہے کہ ایک جلیل القدر صحابیؓ رسولؐ کا دفاع کیا جائے تاہم انہیں اپنے مؤقف کے حق میں قوی تر دلائل لانے چاہئیں تھے۔ اسی طرح کتاب کے آخر میں انہوں نے اردو کی جن دو تفسیروں کو قابلِ ذکر سمجھا ہے ان میں سے ایک مولانا اشرف علی تھانوی کی تفسیر "بیان القرآن" ہے اور دوسری ان کے والد مفتی محمد شفیع صاحب مرحوم ومغفور کی تفسیر "معارف القرآن"۔ تعجب ہے کہ کئی دوسرے اربابِ علم کی اردو تفسیریں فاضل مؤلف کی نظروں سے کیوں اوجھل رہ گئیں یا ان کے نزدیک بے وزن ٹھہریں؟ حالانکہ ان تفسیروں کی قدر و قیمت بھی اپنی جگہ پر مسلّم ہے۔ ایسی علمی کاوشوں کو محض اس لئے نظر انداز کرنا کہ وہ ایسے اصحاب نے مرتب کی ہیں جن کے مسلک سے فاضل مؤلف اتفاق نہیں رکھتے، انصاف سے بعید ہے۔ بہر صورت زیر نظر کتاب ایک بلند پایہ علمی کارنامہ ہے اور مولانا محمد تقی صاحب اس کی تالیف پر بجا طور پر مبارکباد کے مستحق ہیں، کتاب کی زبان شستہ و رفتہ ہے اور پیرایہ دلنشیں ہے۔ ہماری رائے میں کسی کتب خانہ یا لائبریری کو اس کتاب سے خالی نہیں رہنا چاہیئے۔

**الصلوٰۃ علی المیت الغائب یعنی جنازہ غائبانہ** مؤلف: مولانا کرم الدین سلفی

عام کتابی سائز۔ کتابت طباعت عمدہ، ضخامت ۹۶ صفحات ——— قیمت درج نہیں ہے۔

ملنے کا پتہ: دفتر جمعیت اہلحدیث، آسن مل۔ اوجھار وڈ کراچی۔

اس کتاب میں فاضل مؤلف نے احادیث و آثار اور اقوالِ علماء کی روشنی میں نمازِ جنازہ غائبانہ کا جواز ثابت کیا ہے۔ اندازِ بیان سادہ اور دلنشین ہے۔ فاضل مؤلف نے یہ کتاب بڑی محنت اور تحقیق و تفحص کے ساتھ مرتب کی ہے اور اپنے موقف کے حق میں بڑے وزنی دلائل پیش کیے ہیں۔ یہ کتاب اصل مسئلہ کے علاوہ قاری کو اور بھی بہت سی

© rasailojaraid.com